07/01/2022

پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

23.27 کروڑ روپئے کی لاگت کے 132 کے وی سب اسٹیشن جی آئی ایس، فرح سے برج میں بلا رخنہ بجلی سپلائی نظام مزید مستحکم ہوگا: وزیر توانائی

لکھنؤ: ۷/ جنوری ۲۰۲۲ء-

ریاست کے وزیر توانائی اور اضافی توانائی ذرائع جناب شری کانت شرما نے آج متھرا ضلع کے 13 ویں ٹرانسمشن سب اسٹیشن کا فرح میں سنگ بنیاد رکھا۔ انہوں نے بتایا کہ 23.27 کروڑ روپئے کی لاگت سے 132 کے وی سب اسٹیشن جی آئی ایس، فرح سے برج میں بلا رخنہ بجلی سپلائی نظام مزید مستحکم ہوگا۔ فی الحال ضلع میں 12 ٹرانسمشن سب اسٹیشن ہیں۔ ان میں سے چھ سب اسٹیشن موجودہ حکومت میں بنے ہیں۔

وزیر توانائی نے کہا کہ بلا رخنہ بجلی سپلائی کیلئے وزیر اعظم جناب نریندر مودی کی قیادت میں موجودہ حکومت میں 13111.76 کروڑ روپئے کی لاگت سے 126 ٹرانسمشن سب اسٹیشن بننے سے اتر پردیش توانائی کے شعبہ میں خود کفیل بنا ہے۔

☆☆☆☆☆